سوال

میاں بیوی جنت میں میاں بیوی ہی ہونگے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب مرد یا عورت میں سے کوئی فوت ہو جاتا ہے، دنیا میں تو ان کا رشتہ خاوند بیوی کا ہوتا ہے تو کیا مرنے کے بعد اللہ کرے تمام مسلمان جنت الفردوس میں داخل ہوں۔ تو کیا میاں بیوی ایک دوسرے سے ملیں گے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر میاں بیوی دونوں جنت میں چلے جائیں تو وہ دونوں وہاں بھی میاں بیوی ہی ہونگے، بلکہ دنیا کی بیوی جنتی حوروں سے زیادہ خوبصورت ہوگی اور ان کی سردار ہوگی۔

ارشاد باری تعالی ہے۔

ادخُلُوا الجَنَّةَ أَنتُم وَأَزوٰجُكُم تُحبَرونَ ٧٠ ... سورة الزخرف

تم اور تمہاری بیویاں جنت میں داخل ہو جاو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی